**اگر اس دستاویز اور اس کے انگریزی / چینی تبدیل صورت کے درمیان کوئی متضاد یا تنازعات موجود ہے تو انگریزی / چینی تبدیل صورت فوقیت رکھے گا**

## مالیاتی صحت

### اپنے کریڈٹ کو منظم کرنا

کریڈٹ کو منظم کرنا آپ کے لئے اہم ہے۔ کریڈٹ جس کی آپ کو ضرورت ہوتی ہے، آپ کو لچکداری فراہم کر کے زندگی کو آسان بنا دیتا ہے، جب آپ کو ضرورت ہوتی ہے۔ چاہے آپ چھٹی لے رہے ہیں، خریداری کر رہے ہیں، یا ہنگامی حالات سے نمٹ رہے ہیں، کریڈٹ آپ کی زندگی میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اور اپنے کریڈٹ کو ذہانت سے منظم کرنا یقینی بناتا ہے کہ جب آپ چاہتے ہیں آپ کے پاس کریڈٹ ہو گا ۔

وقت کے ساتھ ایک صحت مند کریڈٹ پروفائل برقرار رکھنا اہم ہے۔ کیونکہ زیادہ تر قرض دہندگان آپ کے اکاؤنٹ کی سرگرمی کی اطلاع کریڈٹ بیوروز کو دیتے ہیں جیسا کہ صارفین کے کریڈٹ ڈیٹا پر قابل اطلاق کوڈ کی مشق/عمل کی جانب سے اجازت شدہ ہے، ایک صحت مند کریڈٹ ریکارڈ آپ کی کل مالیاتی تصویر اور مجموعی کریڈٹ پروفائل میں اضافہ کرتا ہے۔ اگلی بار جب آپ ایک کار کے لئے قرض یا رہن یدرخواست دیتے ہیں، تو آپ کو خوشی ہوگی کہ آپ نے ایسا کیا۔

اپنے کریڈٹ کا مؤثر طریقے سے انتظام کرنا زیادہ ذاتی پسند اور مالی آزادی کی جانب لے جاتا ہے، لیکن یہ دانش مندانہ انتخاب کرنے کی ذمہ داری کے ساتھ آتا ہے۔

### اپنی مالیاتی صحت کو بہتر بنائیں

آپ کے لیے اپنے مالی معاملات کو کنٹرول میں رکھنے اور کریڈٹ کو اپنے حق میں نہ کہ آپ کے خلاف کام کرنے کے لئے کچھ تجاویز ۔

- ایک بجٹ بنائیں۔ یہ بات یقینی بنائیں کہ آپ جانتے ہیں کہ کیا آ رہا ہے اور کیا جا رہا ہے۔ اس طرح سے آپ برے اچنبھے سے بچیں گے۔
- ہیجانی خریداری سے بچیں۔ اگر آپ کو کیش ادا کرنا پڑے تو کیا آپ پھر بھی یہ خریداری کریں گے؟
- "موازنہ کی دکان" کو عادت کا معمول بنا لیں۔ - دستیاب کریڈٹ کی دیگر اقسام کے ساتھ لاگت اور قدر کا موازنہ کیے بغیر کریڈٹ کی کسی بھی شکل کو حاصل نہ کریں ۔
- دستخط کرنے سے قبل درخواست فارم کو ہمیشہ پڑھ اور سمجھ لیں۔

- دوسروں کے ایماء پر کسی بھی قرضہ پر اشتراکی-دستخط کرنے یا قرضہ کی ضمانت دینے سے محتاط رہیں۔ یاد رکھیں کہ اگر قرض دہندہ قرضہ واپس کرنے میں ناکام ہو جاتا ہے تو آپ کو قرض ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ قرض دہندہ سے پوچھیں، کہ قرض کی شرائط کیا ہیں، اس کی آمدنی کتنی ہے اور اپنے آپ کو مطمئن کرلیں کہ قرض دہندہ قرض کی واپس ادائیگی کرنے کے لئے وسائل رکھتا ہے۔ خطرات سے واقف رہیں تاکہ آپ ایک باخبر اور سمجھدار فیصلہ کر سکیں۔
- کریڈٹ احتیاط سے استعمال کریں۔ کیا آپ اپنے مقصد کے لئے صحیح قسم کا کریڈٹ استعمال کر رہے ہیں؟ کیا آپ ضرورت سے زیادہ مہنگی شکل کا کریڈٹ استعمال کر رہے ہیں؟ آپ کو حقیقتا کتنی اقسام کے کریڈٹ کارڈز کی ضرورت ہے؟ کیا آپ ان کا استعمال محض اس لئے کر رہے ہیں کیونکہ یہ آپ کے پاس ہیں؟

**معاشی منصوبہ بندی**

اگر آپ مستقبل کے لئے بچت کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں، گھر خریدنے یا ریٹائرمنٹ سے متعلق، تو اپنے بینکوں سے بات کر لیں، یا ان کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں جو مشورہ اور ٹولز فراہم کرتی ہے۔ ان میں سے بہت سی ویب سائٹس ہانگ کانگ ایسوسی ایشن آف بینکز کی ویب سائٹ سے منسلک ہیں (www.hkab.org.hk پر)۔

**خطرناک علامات**

مالیاتی مسائل، ذیادہ کریڈٹ کارڈ قرض سے گھر کے رہن کی باز ادائیگی پر طے شدہ ہونے تک، ضروری نہیں کہ ناقص مالیاتی انتظام کا نتیجہ ہوں۔ بعض اوقات مالی حالات آپ کے اختیار سے باہر ہوتے ہیں۔ وجوہات سے قطع نظر، پیسے سے متعلق مسائل کے بارے میں تشویش آپ کے کام کی زندگی اور گھریلوزندگی دونوں پر اثر انداز ہو سکتی ہے۔

آپ اکثر مالیاتی مصیبت کی علامات نہیں دیکھ سکتے ہیں جب تک کہ بہت دیر نہ ہو چکی ہو۔ لیکن مالیاتی بحران راتوں رات واقع نہیں ہوتے۔ کئی انتباہ کی علامات موجود ہیں جن سے نشاندہی ہو سکتی ہے کہ قرض کے مسائل اختیار سے باہر ہو رہے ہیں۔

مثال کے طور پر، کیا آپ:

- اپنے بلوں پر باقاعدگی سے صرف کم سے کم رقم کی ادائیگی کر رہے ہیں؟
- اعلٰی ترین قرض دہندہ سے ادھار لئے قرضوں کو مستحکم کر رہے ہیں ؟
- کو رقم بچانا ناممکن محسوس ہو رہا ہے یا بلوں کی ادائیگی کرنے کے لئے اپنی بچتوں سے فوری طور پر رقم نکال رہے ہیں ؟
- بنیادی اخراجات پورے کرنے کے لئے دوستوں اور رشتہ داروں سے قرض لے رہے ہیں؟
-

اگر آپ نے ان سوالات میں سے کسی کا "ہاں" میں جواب دیا ہے، تو آپ سنگین مالیاتی مسائل کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

**مالیاتی اداروں کے ساتھ نمٹنا**

قرض سے باہر نکلنے کا کوئی آسان طریقہ نہیں ہے۔ مشتہرین کی خدمات کو فروغ دینے والے کچھ اشتہارات یہ بتاتے ہیں کہ دیوالیہ پن خود کو قرض سے آزاد کرانے کا ایک آسان طریقہ ہے۔ تاہم دیوالیہ پن کے نتائج بہت دور تک جاتے ہیں اور انہیں مالیاتی مسائل کو حل کرنے کا آخری سہارا سمجھنا چاہئے۔ حقیقت میں، دیوالیہ ہو جانے ، اور اس کے ساتھ منسلک رسوائی سے ، بچا جا سکتا ہے۔ کئی ممکنہ متبادل یہاں موجود ہیں:

اسے خود درست کریں:

- آپ اپنے پیسے کا کچھ مزید احتیاط سے انتظام کر کے اپنے قرض کے مسئلہ کو حل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ ان امور کو دیکھیں جہاں آپ خرچ کو کم کر سکتے ہیں، اور اس رقم کو اپنا قرضہ کم کرنے کے لئے استعمال کریں۔
- ادائیگیوں کو کم کرنے کے لئے اپنے گھر، کار یا ذاتی قرض میں رقم لگائیں یا دوبارہ ترتیب بندی کریں۔
- اپنے یا اپنے شریک حیات کے لئے ایک جز وقتی ملازمت یا کل وقتی ملازمت میں اضافی گھنٹوں پر غور کریں۔

اپنے قرض دہندہ سے بات کریں:

- آپ کو پہلا فون اپنے قرض دہندگان کو کرنا چاہئے۔ قرض کے مسائل کو حل کرنا آسان ہے اگر آپ ابتداء ہی میں عمل کرتے ہیں اور مشورہ لیتے ہیں۔ تاخیر سے مسائل بڑھ جاتے ہیں۔
- جہاں حقیقی مالیاتی مشکل ہو، تو یہ قرض دہندگان کے ساتھ ساتھ آپ کے مفاد میں بھی ہو گا کہ ایک حل تلاش کیا جائے۔ قرض دہندگان آپ کی ادائیگی کی مدت بڑھا سکتے ہیں، یا اگر آپ ایک سے زیادہ قرض دہندگان کو رقم ادا کرتے ہیں، آپ کو قرض جمع کرنے کی سرگرمیوں اور اپنے قرض کو مجتمع کرنے یا مزید رقم ڈالنے کو روکنے کے لئے آپ کے دیگر قرض دہندگان کے ساتھ تعاون کرنے میں مدد دیتا ہے۔

**دیوالیہ پن**

دیوالیہ پن کے لئے دائر کرنا بدستور ایک اختیار رہتا ہے، جسے آپ استعمال کر سکتے ہیں ایک بار جب آپ مندرجہ بالا تمام متبادل اختیارات استمعال کر چکے ہوں، ۔ ایک بار آپ اپنی دیوالیہ پن کی حیثیت سے واقف ہو جانے کے بعد، آپ کے کریڈٹرز قرض جمع کرنے کی سرگرمیوں کو روک دیں گے اور دیوالیہ پن میں ایک ٹرسٹی کو آپ کی مالیاتی حیثیت کا اندازہ لگانے اور آپ کے مالیاتی معاملات کی نگرانی کے لئے مقرر کیا جائے گا۔ تاہم، کریڈٹ کے حساب سے یہ اختیار کم سے کم مطلوب ہے اور اس کے اخراجات ہوتے ہیں۔ ایک نقصان یہ ہے کہ ایک طویل مدت تک اسے آپ کی کریڈٹ رپورٹ پر دکھایا جا سکتا ہے۔ ایک اور نقصان یہ ہے کہ قرض دہندگان اپنے کریڈٹ کے تقاضوں کو سخت کر دیں گے ۔ آپ کو مستقبل میں مالیات حاصل کرنے میں مشکل وقت پیش آ سکتا ہے اور خاص طور پر آپ کو کریڈٹ کارڈ حاصل کرنے، صارف مالیات یا رہن کے فنانس کے ذریعہ ایک املاک کی خریداری میں دشواری ہو سکتی ہے۔

**دیوالیہ پن کے بارے میں اکثر پوچھے جانیوالے سوالات**

دیوالیہ پن کے لئے دائر کرنے کے لئے مجھے کیا تیار کرنا چاہئے؟

ایک فیصلہ کرنے سے پہلے اپنے بینکوں یا مالیاتی یا قانونی مشیروں سے رجوع کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ وہ آپ کو آپ کی مالیاتی صورتحال کا اندازہ لگانے اور آپ کو فیصلہ کرنے میں مدد کر سکتے ہیں کہ آیا دیوالیہ پن بہترین انتخاب ہے یا نہیں۔ ۔ کچھ مخصوص اشیاء قابل ذکر ہیں:

- اگر آپ دیوالیہ پن کے لئے مقدمہ دائر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو آپ کو اپنا کریڈٹ کارڈ استعمال کرنا روک دینا چاہئے۔ اگر آپ نے رقم کی واپس ادائیگی کرنے کے بجائے دیوالیہ میں قرضہ کو ڈسچارج کرنے کے مخصوص ارادہ کے ساتھ دیوالیہ پن سے قبل رقم کا قرض لیا ہے، ، تو ہو سکتا ہے وہ قرضہ قابل اخراج نہ ہو۔ بعض حالات میں، آپ کو دھوکہ دہی کا مجرم قرار دیا جا سکتا ہے۔
- اپنے اثاثوں کو اپنے کریڈیٹرز سے محفوظ کرنے کے لئے انہیں اپنے دوستوں، خاندان اور کاروباری ساتھیوں کو منتقل نہ کریں۔ منتقلی کو دھوکہ دہی تصور کیا جا سکتا ہے۔ اگر ایسا ہے، تو آپ دیوالیہ پن سے اخراج کے سلسلے میں املاک اور اپنا حق، دونوں کھو سکتے ہیں۔ مزید براں، اسے آپ کا ایک مجرمانہ جرم کا ارتکاب بھی قرار دیا جا سکتا ہے۔
- کسی بھی کاروبار یا مالیاتی ریکارڈ کو تباہ نہ کریں۔ نتیجے کے طور پر آپ دیوالیہ پن سے اخرج کرنے کے اپنے حق سے محروم ہو سکتے ہیں اور ہو سکتا ہے کہ یہ ایک مجرمانہ فعل کا ارتکاب بھی قرار دیا جا سکتا ہے۔

دیوالیہ پن کے حکم کے نتائج کیا ہیں؟

نتائج بہت دور تک ہیں اور ان میں شامل ہیں:

- قرض دار کے طور پر، آپ سے عدالت کے سامنے اپنی تمام جائیداد اور قرضوں کو ظاہر کرنے اور تمام غیر مستثنٰی املاک کو ٹرسٹی کو دے دینے کا تقاضا کیا جاتا ہے، جو اسے بعد میں اپنے کریڈٹرز میں تقسیم کرنے کے لئے نقد رقم میں بدل دیتا ہے۔
- آپ کو اپنے کریڈٹرز کے فائدے کے لئے اپنی ذاتی آمدنی میں سے شراکت داری کرنے کی بھی ضرورت ہو سکتی ہے۔
- اگر آپ اپنے گھر کے مالک ہیں تو اسے آپ کے قرضوں کی ادائیگی کے لئے فروخت کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔
- آپ کو ٹرسٹی کو مطلع کرنا پڑ سکتا ہے کہ آپ ہانگ کانگ سے باہر جانا چاہتے ہیں اور ٹرسٹی کے مطالبہ کیے جانے پر واپس ہانگ کانگ میں آ جائیں گے۔
- آپ کا فوری طور پر اپنے بینک اور اسی طرح کے دیگر اکاؤنٹس کا استعمال روک دینا ضروری ہے۔
- آپ کریڈٹر سے مشورہ کیے بغیر HK$100 یا اس سے زیادہ کریڈٹ حاصل نہیں کر سکتے ہیں کہ آپ ایک غیر اخراج کردہ دیوالیہ شدہ ہیں۔
- آپ کو بعض عوامی عہدوں پر رہنے کے لئے اور عدالت کی مرضی کے بغیر کسی کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لئے نااہل قرار دیا جا سکتا ہے۔

- آپ کا اپنی ملازمت کے لئے اہل ہونا ختم ہو سکتا ہے۔
- دیوالیہ پن آپ کی کریڈٹ کی رپورٹ پر 7 سال اور کبھی کبھاراس سے بھی طویل عرصے تک موجود رہتی ہے۔ نتیجے کے طور پر، آپ کو مستقبل میں کریڈٹ حاصل کرنے میں مشکل ہو سکتی ہے۔ کوئی بھی کریڈٹ جو آپ حاصل کرتے ہیں، وہ شرح سود اور چارج کی جانیوالی فیس کی شرائط کے لحاظ سے زیادہ اخراجات وصول کرے گی۔

کیا میرے آجر کو میرے دیوالیہ پن کے بارے میں معلوم ہو گا؟

دیوالیہ پن عوامی ریکارڈ کا معاملہ ہے۔ مزید برآں، بعض حالات میں، آپ سے اپنی ملازم کی درخواستوں میں موجودہ یا ماضی کے دیوالیہ پن کے بارے میں انکشاف کرنے کا تقاضا کیا جا سکتا ہے۔

کیا مجھے عدالت میں اپنے تمام اثاثوں کو ظاہر کرنا ہو گا؟

ہاں۔ اگر آپ جان بوجھ کر اور دھوکہ دہی سے عدالت سے کوئی اثاثہ چھپاتے ہیں، تو آپ ایک مجرمانہ جرم مرتکب کریں گے اور عدالت کی طرف سے جیل میں بھیجے جا سکتے ہیں ۔ مزید برآں، عدالت مزید 4 سال تک آپ کے دیوالیہ پن سے اخراج کو معطل کر سکتی ہے۔

کیا 4 سال کے بعد مجھے خود کار طریقے سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا؟

عمومی حالات کے تحت، دیوالیہ پن سے اخراج 4 سال بعد واقع ہوتا ہے۔ تاہم اخراج خود کار طریقے سے نہیں ہو جاتا ہے۔ بعض حالات میں قرض دہندگان آپ کے اخراج کیے جانے پر اعتراض کر سکتے ہیں اور دیوالیہ پن کی مدت 8 سال تک بڑھائی جا سکتی ہے۔

**رابطہ کی معلومات**

**THE HONG KONG ASSOCIATION OF BANKS**
**Room 525, Prince's Building,**
**Central, Hong Kong**
**Tel : 2521 1169 Fax : 2868 5035**
**Email : hkab@pacific.net.hk**

**THE DTC ASSOCIATION**
**Unit 1704, 17/F., Bonham Trade Centre,**
**50 Bonham Strand East,**
**Sheung Wan, Hong Kong Tel : 2526 4079 Fax : 2523 0180**
**Email : pc_lund@dtca.org.hk**

**THE HONG KONG S.A.R. LICENSED MONEY LENDERS ASSOCIATION LTD.**
**22/F., Allied Kajima Building,**
**138 Gloucester Road,**

Wanchai, Hong Kong Tel : 2827 8281 Fax : 2827 8292
Email : chairman@lmla.com.hk

**HONG KONG MONETARY AUTHORITY**
**30/F., 3 Garden Road, Central, Hong Kong**
**Tel : 2878 8196 Fax : 2878 8197**
**Email : hkma@hkma.gov.hk**

**CONSUMER COUNCIL**
**22/F., K. Wah Centre, 191 Java Road,**
**North Point, Hong Kong**
**Tel : 2856 3113 Fax : 2856 3611**
**Email : cc@consumer.org.hk**

ہانگ کانگ ایسوسی ایشن آف بینکس، DTC ایسوسی ایشن اور ہانگ کانگ S.A.R. لائسنس یافتہ رقم قرض دہندگان کی ایسوسی ایشن اور ہانگ کانگ کی مالیاتی اتھارٹی کی طرف سے تصدیق کردہ۔ صارفین کونسل، صارفین کو غیر پائیدار قرض داری کے بارے میں مطلع کرنے کے لئے صنعت کی کوششوں کی توثیق کرتی ہے اور مالیاتی صحت کی اہمیت کے بارے میں عوام کی آگاہی کو فروغ دینے کا خیر مقدم کرتی ہے۔